22دسمبر2011ء

عوام 5 روپے کے نوٹ 31 دسمبر 2012 تک
اسٹیٹ بینک اور بینکوں سے تبدیل کرالیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک بھر میں کام کرنے والے تمام کمرشل بینکوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے فیلڈ دفاتر کو 5 روپے کے بینک نوٹ 31 دسمبر، 2012 تک تبدیل کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔

واضح رہے کہ اس ہدایت کے تحت عوام 5 روپے کے نوٹ بینکوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے فیلڈ دفاتر سے صرف تبدیل کراسکتے ہیں، تاہم چونکہ 5 روپے کے نوٹ کی قانونی حیثیت یکم جنوری، 2012 سے ختم ہوجائے گی، لہٰذا اس تاریخ سے اسے قانونی طور پر لین دین کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔

کمرشل بینکوں کی 10 ہزار سے زائد شاخیں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر 5 روپے کے نوٹ تبدیل کریں گے۔ نوٹ تبدیل کرانے کی یہ سہولت عوام کو 31 دسمبر 2012 تک حاصل رہے گی۔

سرکلر نمبر 2011/ (Dem-5) /7 /784/ CMD مورخہ 22 دسمبر، 2011 کے مطابق اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو 5 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے یا تبدیلی کی مالیت کو اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرانے کے لئے ایسے تمام نوٹ 31 دسمبر 2012 تک ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے پاس جمع کرانے کی ہدایت بھی کی ہے۔

بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ تشہیری پالیسی کے مطابق عوام کی آگہی اور سہولت کے لئے 5 روپے کے نوٹ تبدیل کرانے کی تاریخ میں توسیع (31 دسمبر 2012 تک) کی بڑے پیمانے پر تشہیر کریں اور اپنی تمام شاخوں کو ان ہدایات پر ان کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد کے لئے ضروری ہدایت جاری کریں۔

5 روپے کے بینک نوٹ کی تبدیلی کے سلسلے میں کوئی بھی شکایت ایس بی پی اور ایس بی پی بی ایس سی سینٹرل ہیلپ ڈیسک، ہیڈ آفس کراچی کے پاس ٹیلیفون نمبرز 021-99212491، 021-32455454، 021-32455470 اور 021-32453962 پر درج کرائی جاسکتی ہے۔ شکایات ای میل ایڈریس drs5@sbp.org.pk یا ترجمان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ای میل ایڈریس syed.wasimuddin@sbp.org.pk پر بھی ارسال کی جاسکتی ہیں۔

واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے Gazette Notification No. 3(8)IF-IV/2009 مورخہ 15 دسمبر، 2011 کے ذریعے 5 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ میں 31 دسمبر، 2012 تک توسیع کی ہے۔

/☆☆☆/